بچوں اور بچیوں کے لیے 30 روزہ تربیتی نصاب

# سمر کورس

# SUMMER CAMPS

www.KitaboSunnat.com

- اسلامی عقیدہ (سوالاً جواباً)
- منتخب احادیث
- حفظِ قرآن (20 سورتیں)
- اسلامی اخلاق و آداب
- سیرۃ النبی و صحابہ کوئز
- مسنون دعائیں

مرتب
قاری سلمان بشیر
مدرس بیت السلام اکیڈمی

نظرِ ثانی
حافظ شاہد رفیق
فاضل مدینہ یونیورسٹی

بیت السلام تحفیظ القرآن اکادمی گوجرانوالہ
0325 1376666

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بچوں اور بچیوں کے لیے 30 روزہ تربیتی نصاب

# سمر کورس

# SUMMER CAMPS

- اسلامی عقیدہ (سوالاً جواباً)
- منتخب احادیث
- حفظِ قرآن (20 سورتیں)
- اسلامی اخلاق وآداب
- سیرۃ النبی وصحابہ کوئز
- مسنون دعائیں

مرتب
قاری سلمان بشیر
مدرس بیت السلام اکیڈمی

نظرِ ثانی
حافظ شاہد رفیق
فاضل مدینہ یونیورسٹی

بیت السلام تحفیظ القرآن اکادمی گوجرانوالہ
0325 1376666

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فہرست

⊙ اسلامی عقیدہ (سوالاً جواباً) ---------------------------------- 5

⊙ منتخب احادیث (اخلاق و آداب) ---------------------------------- 12

⊙ قرآنی معلومات (سوالاً جواباً) ---------------------------------- 19

⊙ حفظِ قرآن (20 سورتیں) ---------------------------------- 23

⊙ سیرت النبی ﷺ کوئز ---------------------------------- 24

⊙ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوئز ---------------------------------- 30

⊙ شارٹ سٹوریز (اسلامی واقعات) ---------------------------------- 35

⊙ طہارت کے مسائل ---------------------------------- 36

⊙ پیارے نبی ﷺ کی نماز ---------------------------------- 39

⊙ مسنون دعائیں ---------------------------------- 50

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# اسلامی عقیدہ۔ سوالاً جواباً

**سوال** ایمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب** زبان سے اقرار، دل سے یقین اور اعضائے جسم سے عمل کرنا ایمان کہلاتا ہے۔

**سوال** مسلمان بننے کے لیے کیا پڑھا جاتا ہے؟

**جواب** کلمہ شہادت: أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَہٗ لَا شَرِيْكَ لَہٗ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

"میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔"

**سوال** ہمیں اللہ کی پہچان کیسے ہوسکتی ہے؟

**جواب** اللہ اور اس کے رسول کے بتانے سے بھی اللہ کی پہچان ہوتی ہے اور اس دنیا میں اللہ کی بے شمار نشانیاں ہیں جس سے اللہ کی پہچان ہوتی ہے، مثلاً دن اور رات کا آنا جانا، موسموں کی تبدیلی، بارشوں کا آنا وغیرہ۔

**سوال** اللہ تعالیٰ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب** اللہ کریم ہم سب کے خالق ہیں۔ اس کائنات کا نظام چلانے والے ہیں۔ ہمیں روزی دینے والے ہیں۔ ہماری مشکلات حل کرنے والے ہیں۔ ہمارے سجدے کے صرف وہی حق دار ہیں۔ ہمیں صرف انہی سے دعائیں مانگنی چاہئیں۔

**سوال** عبادت کسے کہتے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** اللہ کی رضا اور خوشی حاصل کرنے کے لیے نبی کریم ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے سے کوئی بھی کام کرنا۔

**سوال** عبادت کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

**جواب** عبادت کی تین قسمیں ہیں:

قولی عبادت: جیسے تلاوت کرنا۔ ذکر و اذکار کرنا۔ درود وسلام پڑھنا۔

بدنی عبادت: جیسے نماز پڑھنا۔ حج کرنا۔ اللہ کے راستے میں جہاد کرنا۔

مالی عبادت: جیسے زکاۃ ادا کرنا۔ صدقہ و خیرات کرنا۔

**سوال** توحید کسے کہتے ہیں؟

**جواب** اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا اور ایک کہنا توحید کہلاتا ہے۔

**سوال** توحید کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

**جواب** توحید کی تین قسمیں ہیں:

① توحید الوہیت ② توحید ربوبیت ③ توحید اسماء وصفات

**سوال** توحیدِ اُلوہیت کا کیا معنی ہے؟

**جواب** ہر قسم کی عبادت کو صرف اللہ کے لیے ہی خاص کرنا توحیدِ اُلوہیت کہلاتا ہے اور اللہ کے علاوہ ہر کسی کی عبادت کی نفی کرنا، چاہے وہ فرشتے اور رسول ہی کیوں نہ ہوں۔

**سوال** توحیدِ ربوبیت کا کیا معنی ہے؟

**جواب** اس پوری کائنات کا حقیقی خالق و مالک صرف ایک اللہ کو ماننا توحیدِ ربوبیت کہلاتا ہے۔ وہی سب کو روزی دینے والا، اولاد دینے والا، کائنات میں ہر قسم کی تبدیلی کرنے والا صرف ایک اللہ ہی ہے۔

**سوال** توحیدِ اسماء وصفات سے کیا مراد ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** اللہ کے تمام ناموں اور اس کی تمام صفات کو تبدیل کیے بغیر اسی طرح ماننا توحید اسماء وصفات کہلاتا ہے۔ جیسے: اللہ کا نام ''الحی'' ہمیشہ زندہ رہنے والا۔

**سوال** توحید ماننے والے کو کیا کہتے ہیں؟ اور اس سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

**جواب** توحید پر کامل ایمان رکھنے والے کو موحد کہتے ہیں اور موحد شخص اللہ کی جنت کا حق دار بن جاتا ہے۔

**سوال** شرک کسے کہتے ہیں؟

**جواب** اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کرنا۔

**سوال** الوہیت میں شرک کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت کرنا یا کسی اور سے دعا کرنا یا کسی اور کو مشکل میں پکارنا، توحیدِ الوہیت میں شرک کہلاتا ہے۔

**سوال** اسماء وصفات میں شرک کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** جو اللہ کی صفات ہیں وہ کسی اور میں ماننا شرک کہلاتا ہے، جیسے اللہ عالم الغیب ہے، کسی اور کو غیب کا علم رکھنے والا سمجھنا شرک ہے۔

**سوال** شرک کرنے والے کو کیا کہتے ہیں اور اس کا کیا انجام ہے؟

**جواب** اللہ کے ساتھ کسی بھی عبادت میں کسی دوسرے کو شریک کرنے والے کو مشرک کہتے ہیں۔ مشرک انسان کبھی اللہ کی جنت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

**سوال** سب سے بڑا گناہ کون سا ہے؟

**جواب** بڑے بڑے گناہوں میں سب سے بڑا گناہ شرک یعنی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا ہے۔

**سوال** شرک اتنا بڑا گناہ کیوں ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** کیونکہ شرک اللہ کی گستاخی ہے اور اللہ میں نقص ثابت کرنے کی طرح ہے۔

**سوال** ''مشکل کشا'' کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

**جواب** مشکل کشا کا مطلب ہے تکلیف اور پریشانی دور کرنے والا۔

**سوال** کیا اللہ کے سوا کوئی اور بھی مشکل کشا ہوسکتا ہے؟

**جواب** ہرگز نہیں۔ مشکل کشا صرف اکیلا اللہ تعالیٰ ہے۔

**سوال** ''حاجت روا'' کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** حاجت روا کا مطلب حاجتیں اور ضرورتیں پوری کرنے والا۔

**سوال** کیا اللہ کے سوا کوئی اور بھی ''حاجت روا'' ہوسکتا ہے؟

**جواب** ہرگز نہیں۔

**سوال** اگر کوئی اللہ کے سوا کسی کو حاجت روا اور مشکل کشا جانتا ہو تو؟

**جواب** اللہ کے سوا کسی اور کے متعلق ایسا عقیدہ رکھنے والا آدمی مشرک ہو جاتا ہے۔

**سوال** کیا اللہ کے سوا کوئی نیک انسان بھی حاجت روا اور مشکل کشا نہیں ہوسکتا؟

**جواب** جی ہاں! کوئی نیک انسان بھی اللہ کی صفات میں شریک نہیں بن سکتا، حتی کہ انبیائے کرام علیہم السلام بھی نہیں۔

**سوال** اللہ کے سوا کوئی اور مشکل کشا کیوں نہیں ہوسکتا؟

**جواب** کیونکہ اللہ کے علاوہ ساری کائنات مخلوق ہے اور مخلوقات کو خود بے شمار مشکلات آتی ہیں، لہٰذا جس کو مشکلات آئیں وہ مشکل کشا نہیں بن سکتا۔ جیسے انبیائے کرام علیہم السلام، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اولیائے کرام کو مشکلات پیش آئیں، لہٰذا یہ سب مشکل کشا نہیں۔

**سوال** مختارِ کل کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** جس کے پاس ہر طرح کے اختیارات ہوں، اسے مختارِ کل کہتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** مختارِ کل کون ہے؟

**جواب** مختارِ کل صرف اللہ کی ذات ہے، اس کے علاوہ کوئی اور مختارِ کل نہیں۔

**سوال** کیا نبی کریم ﷺ مختارِ کل ہو سکتے ہیں؟

**جواب** ہرگز نہیں، نبی کریم ﷺ اللہ کے پیارے رسول ہیں، خاتم النبیین بھی ہیں، مگر اللہ کی صفات میں شریک نہیں، لہٰذا نبی کریم ﷺ کے بارے میں یہ عقیدہ رکھنا درست نہیں۔

**سوال** ''داتا'' کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** داتا کا مطلب ہے: دینے والا اور عطا کرنے والا۔

**سوال** کیا اللہ کے علاوہ کوئی اور بھی داتا ہوسکتا ہے؟

**جواب** داتا صرف اللہ کی صفت ہے، اللہ کے سوا کوئی نہیں دیتا۔

**سوال** کیا اللہ کے علاوہ کسی کے پاس علمِ غیب ہے؟

**جواب** ہرگز نہیں۔ اللہ کے علاوہ کسی نبی، ولی، نجومی، کاہن کے پاس علمِ غیب نہیں۔

**سوال** نجومیوں سے قسمت معلوم کرانا کیسا ہے؟

**جواب** نجومیوں سے قسمت معلوم کرانا کفر ہے۔

**سوال** کیا مردے سنتے ہیں؟

**جواب** یہ ایک لغو بات ہے، وہ مردہ ہی کیا جو مرنے کے بعد بھی سنتا ہو۔

**سوال** اگر مردے نہیں سنتے تو قبرستان میں جا کر ''السلام علیکم'' کیوں کہتے ہیں؟

**جواب** یہ ایک دعا ہے جو نبی کریم ﷺ نے سکھائی ہے، اس لیے کہتے ہیں، مُردوں کو سنانے کے لیے نہیں کہا جاتا۔

**سوال** کیا مردے جوتیوں کی آواز سنتے ہیں؟

**جواب** مردے کو دفن کرنے جانے والوں کے جوتوں کی آواز سنائی جاتی ہے، وہ اللہ سناتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** کیا نبی کریم علیہ السلام وفات پا گئے ہیں؟

**جواب** جی ہاں! نبی کریم ﷺ فوت ہو گئے ہیں۔ ہمیشہ زندہ رہنا صرف اللہ کی صفت ہے۔

**سوال** کیا اللہ ہر جگہ موجود ہے؟

**جواب** نہیں، اللہ کی ذات عرش پر ہے، جب کہ اس کا علم ہر جگہ موجود ہے۔

**سوال** کچھ لوگ کہتے ہیں: ''اللہ ہر جگہ موجود ہے'' یہ جملہ کیسا ہے؟

**جواب** یہ ایک غلط نظریہ ہے، ایسے تو بہت سی ناپاک جگہیں بھی ہیں، کیا معاذ اللہ اللہ وہاں بھی ہے؟

**سوال** نذر و نیاز کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** اللہ کی خوش نودی حاصل کرنے کے لیے اضافی نفلی صدقہ کرنا بھی نذر و نیاز کہلاتا ہے۔ ایسے ہی کسی کام کے ہونے پر بندہ خود پر کوئی چیز فرض کرے تو اسے بھی نذر کہتے ہیں۔

**سوال** کیا اللہ کے علاوہ کسی اور کی نذر ماننی جائز ہے؟

**جواب** نذر ایک عبادت ہے، یہ صرف اللہ کے لیے ہی ہونی چاہیے۔ ''نذرِ اللہ نیازِ حسین'' کہنا درست نہیں۔

**سوال** کیا غیر اللہ کے لیے کوئی جانور ذبح کرنا جائز ہے؟

**جواب** قربانی کرنا ایک عبادت ہے، یہ بھی صرف اللہ کے لیے ہونا چاہیے۔

**سوال** شفاعت کا کیا مطلب ہے؟

**جواب** قیامت کے دن اللہ سے معافی کی سفارش کرنا شفاعت کہلاتا ہے۔

**سوال** شفاعت کا مالک کون ہے؟

**جواب** شفاعت کے مالک صرف اللہ تعالیٰ ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** کیا اللہ کے علاوہ بھی شفاعت کا کوئی مالک ہے؟

**جواب** ہرگز نہیں۔ شفاعت کا مالک صرف اللہ ہی ہے۔

**سوال** کیا انبیاء اور اولیاء بھی شفاعت کر سکتے ہیں؟

**جواب** جی ہاں، اللہ کی اجازت سے انبیاء اور اولیاء شفاعت کر سکتے ہیں۔

**سوال** انبیاء اور اولیاء کن لوگوں کے بارے میں شفاعت کریں گے؟

**جواب** اللہ کی اجازت سے گناہ گار مسلمانوں کی شفاعت کریں گے۔ کسی کافر مشرک کی شفاعت نہیں کریں گے۔

**سوال** حجر و شجر سے تبرک حاصل کرنا کیسا ہے؟

**جواب** درست نہیں ہے۔

**سوال** ریا کاری کسے کہتے ہیں؟

**جواب** اللہ کے علاوہ کسی اور کو خوش کرنے کے لیے کوئی نیک عمل کرنا۔

**سوال** کیا ریا کاری شرک ہے؟

**جواب** جی ہاں! ریا کاری شرکِ اصغر ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# منتخب احادیث۔ اخلاق و آداب

## 1- خلوصِ نیت:

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ (بخاری)

''بلاشبہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔''

## 2- طہارت کی اہمیت:

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيمَانِ (مسلم)

''پاکیزگی نصف ایمان ہے۔''

## 3- دعا ہی عبادت ہے:

اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةِ (ترمذی)

''دعا کرنا عین عبادت ہے۔''

## 4- نیکی کیا ہے؟

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ (مسلم)

''نیکی حسنِ اخلاق کا نام ہے۔''

## 5- نماز کا حکم:

وَلَا تَتْرُكْ صَلَاةً مَّكْتُوْبَةً مُتَعَمِّدًا (ابن ماجه)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



''اور فرض نماز جان بوجھ کر نہ چھوڑو۔''

## 6- تقویٰ کی اہمیت:

اِتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُ مَا کُنْتَ (ترمذی)

''تو جہاں کہیں بھی ہو، اللہ سے ڈر۔''

## 7- شرم وحیاء:

اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّهُ (مسلم)

''شرم وحیا سراسر بھلائی ہے۔''

## 8- دھوکا دینا بری بات ہے:

مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنَّا (مسلم)

''جس نے دھوکا دیا وہ ہم میں سے نہیں۔''

## 9- دین کیا ہے؟

اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ (مسلم)

''دین خیر خواہی ہے۔''

## 10- مسلمان کون ہے؟

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَیَدِهٖ (ترمذی)

''مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔''

## 11- بے رحم، رحمت سے محروم:

مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ (بخاری)

''جو کسی پر رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 12- غصہ، ایک بری عادت:

لَا تَغْضَبْ (بخاری)

''غصہ مت کر۔''

## 13- اچھا اخلاق، ایک بہترین خوبی:

إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا (بخاری)

''تم میں سے سب سے بہترین شخص وہ ہے جو تم میں اخلاق میں سب سے اچھا ہے۔''

## 14- سلام کرنے کا حکم:

أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ (مسلم)

''تم آپس میں سلام کو پھیلاؤ۔''

## 15- ماں کی نافرمانی، ایک تباہ کن گناہ:

إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوقَ الْأُمَّهَاتِ (بخاری)

''بلاشبہ اللہ نے تم پر ماؤں کی نافرمانیاں کرنا حرام کر دیا ہے۔''

## 16- کامل ایمان والا کون؟

لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ (بخاری)

''تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (پورا) مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے وہ پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔''

## 17- جنت کی چابی:

مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ (ترمذی)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



''جنت کی چابی نماز ہے۔''

## 18- نماز کیسے پڑھیں:

صَلُّوا کَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ أُصَلِّيْ (بخاری)

''تم اس طریقے سے نماز پڑھو، جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو۔''

## 19- نماز کی اہمیت:

جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلَاةِ (مسند أحمد)

''میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں بنا دی گئی ہے۔''

## 20- نیکی کی قدر و قیمت:

لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا (مسلم)

''نیکی کے کسی کام کو بھی حقیر نہ سمجھو۔''

## 21- نبی ﷺ پر درود کی فضیلت:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْراً (مسلم)

''جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔''

## 22- سنت کی اہمیت:

مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ (بخاری)

''جو شخص میری سنت سے منہ موڑے، اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔''

## 23- اسلام میں امانت اور وعدے کی اہمیت:

لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ (صحیح ابن حبان)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



''جو امانت کا خیال نہیں رکھتا اس کا ایمان مکمل نہیں ہے اور جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا دین مکمل نہیں ہے۔''

## 24- زینت اختیار کرو:

إِنَّ اللهَ جَمِيْلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ (مسلم)

''بے شک اللہ خوب صورت ہے اور خوب صورتی پسند کرتا ہے۔''

## 25- شکریہ ادا کرنا:

لَا يَشْكُرُ اللهَ مَنْ لَّمْ يَشْكُرُ النَّاسَ (أبو داود)

''وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کر سکتا جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا۔''

## 26- گالی مت دو:

سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ (بخاری)

''مسلمان کو گالی دینا گناہ ہے اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔''

## 27- شرک نہ کرو:

مَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ (بخاری)

''جو اس حال میں فوت ہوا کہ وہ شرک نہ کرنے والا ہو، وہ جنت میں ضرور داخل ہو گا۔''

## 28- ماں کی فرماں برداری:

إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْأُمَّهَاتِ (بخاری)

''اللہ تعالیٰ نے تم پر (جائز کاموں میں) ماؤں کی نافرمانی حرام کر دی ہے۔''

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



## 29- نیکی کا حکم دینا:

مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ (مسلم)

''جس نے نیکی کی طرف راہنمائی کی، اسے نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔''

## 30- آسانی پیدا کرو:

يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا. بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا (بخاری)

''آسانی کرو، تنگی نہ کرو، خوش خبری دو، لوگوں کو متنفر نہ کرو۔''

## 31- ظلم سے بچو:

اِتَّقُوا الظُّلْمَ فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (مسلم)

''ظلم سے بچو، کیونکہ ظلم قیامت کے دن اندھیروں کا سبب ہوگا۔''

## 32- فضول کاموں سے پرہیز:

مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ (ترمذی)

''یہ بھی انسان کے اسلام کی خوبی ہے جس معاملے سے اس کا تعلق نہ ہو، اسے چھوڑ دو۔''

## 33- مہمان نوازی:

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ (بخاری)

''جو شخص اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ مہمان کی عزت کرے۔''

## 34- مسلمان مسلمان کا بھائی ہے:

اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ وَلَا يَحْقِرُهُ (مسلم)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرے، نہ اسے بے عزت کرے، نہ اسے حقیر سمجھے۔''

## 35- دوسروں کی مدد کرنا:

وَاللهُ فِيْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ أَخِيْهِ (مسلم)

''اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتا رہتا ہے، جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# قرآنی معلومات۔سوالاً جواباً

**سوال** قرآن مجید کیا ہے؟

**جواب** قرآن مجید اللہ کا کلام اور اس کی آخری آسمانی کتاب ہے۔

**سوال** قرآن کا معنی کیا ہے؟

**جواب** قرآن کا مطلب ہے: بہت زیادہ پڑھی جانے والی کتاب۔

**سوال** قرآن پاک کو زیادہ کیوں پڑھا جاتا ہے؟

**جواب** کیونکہ اس کتاب سے ہدایت ملتی ہے، بندہ جنت کا مستحق بن جاتا ہے اور جہنم سے بچ جاتا ہے۔

**سوال** قرآن پاک کس نبی پر اترا؟

**جواب** اللہ تعالیٰ کے آخری نبی محمد ﷺ پر۔

**سوال** قرآن پاک کب نازل ہوا؟

**جواب** قرآن پاک ماہِ رمضان میں لیلۃ القدر کی رات کو نازل ہوا۔

**سوال** قرآن پاک کی پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

**جواب** غارِ حرا میں۔

**سوال** قرآن کا آغاز کس وحی سے ہوا؟

**جواب** سورۃ العلق سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** وہ کون سی سورت ہے جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں ہے؟

**جواب** سورۃ التوبہ۔

**سوال** نبی مکرم ﷺ کا نام قرآن کریم میں کتنی بار آیا ہے؟

**جواب** چار مرتبہ۔

**سوال** قرآن پاک میں کتنے انبیائے کرام علیہم السلام کے نام پر سورتیں ہیں؟

**جواب** آٹھ انبیائے کرام علیہم السلام کے نام پر۔

**سوال** وہ کون سی آیت ہے جس میں پوری حروفِ تہجی ہے؟

**جواب** سورۃ الفتح کی آخری آیت۔

**سوال** وہ کون سے صحابی ہیں جن کا نام قرآن میں آیا ہے۔

**جواب** سیدنا زید رضی اللہ عنہ۔

**سوال** آخری آیت کون سی نازل ہوئی؟

**جواب** سورۃ الانعام کی آیت نمبر 3۔

**سوال** قرآن میں خواتین کے نام پر کتنی سورتیں ہیں؟

**جواب** سورۃ مریم۔

**سوال** سب سے زیادہ مدنی سورتیں کس پارے میں ہیں؟

**جواب** پارہ نمبر 28۔

**سوال** سورۃ الانسان کس سورۃ کو کہا جاتا ہے؟

**جواب** سورۃ الدہر کو سورۃ الانسان کہا جاتا ہے۔

**سوال** قرآن پاک میں سب سے زیادہ کس پیغمبر کا ذکر ہے؟

**جواب** سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** جمعہ کے روز مسلمان کون سی تلاوت کرتے ہیں جس کی وجہ سے فتنۂ دجال سے بچا جاتا ہے۔

**جواب** سورۃ الکہف کی تلاوت کرنے سے۔

**سوال** وہ کون سی سورتیں ہیں جن کی ہر آیت کے آخر میں ''را'' آتا ہے؟

**جواب** سورۃ القمر۔ سورۃ العصر۔ سورۃ الکوثر۔

**سوال** قرآن پاک میں کس واقعے کو بہترین واقعہ کہا گیا ہے؟

**جواب** سیدنا یوسف علیہ السلام کے واقعے کو۔

**سوال** وہ کون سی سورت ہے جسے تین بار پڑھنے سے پورا قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے؟

**جواب** سورۃ الاخلاص۔

**سوال** وہ کون سی دو سورتیں ہیں جنھیں سوتے وقت پڑھنا مسنون عمل ہے؟

**جواب** سورۃ الملک۔ سورۃ السجدۃ۔

**سوال** قرآن پاک کا ایک حرف پڑھنے پر کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟

**جواب** دس نیکیاں۔

**سوال** قرآن پاک پڑھنے والے اور پڑھانے والے کی فضیلت کے بارے میں کوئی حدیث سنائیں۔

**جواب** خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

''تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھتا اور سکھاتا ہے۔''

**سوال** مکی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

**جواب** مکی سورتوں کی تعداد 86 ہے۔

**سوال** مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** مدنی سورتوں کی تعداد 28 ہے۔

**سوال** مکی اور مدنی سورتوں کو یاد رکھنے کا طریقہ بتائیں۔

**جواب** سورۃ البقرۃ کی آیات 286 ہیں، اگر اس کا پہلا ہندسہ ختم کر دیں تو بنتا ہے 86۔ یہ مکی سورتوں کی تعداد ہے۔ اور اگر سورۃ البقرۃ کی کل آیات کا آخری ہندسہ ختم کریں تو بنتا ہے 28، یہ مدنی سورتوں کی تعداد ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حفظِ قرآن۔ 20 سورتیں

1- سورۃالفاتحہ — 2- سورۃالضحیٰ

2- سورۃالإنشراح — 3- سورۃالتین

4- سورۃالقدر — 5- سورۃالزلزال

6- سورۃالعادیات — 7- سورۃالقارعۃ

8- سورۃالتکاثر — 9- سورۃالعصر

10- سورۃالھمزۃ — 11- سورۃالفیل

12- سورۃالقریش — 13- سورۃالماعون

14- سورۃالکوثر — 15- سورۃالکافرون

16- سورۃالنصر — 17- سورۃاللھب

19- سورۃالاخلاص — 20- سورۃالفلق

21- سورۃالناس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سیرت النبی ﷺ کوئز

**سوال** سیرت کے کتنے حصے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** سیرت کے تین حصے ہیں:

① نبوت سے پہلے کی زندگی ② مکی زندگی ③ مدنی زندگی

**سوال** تینوں ادوار کا کتنا عرصہ ہے؟

**جواب** ① نبوت سے پہلے 40 سال

② مکی زندگی 13 سال

③ مدنی زندگی 10 سال

**سوال** نبی کریم ﷺ کب پیدا ہوئے؟

**جواب** 9 ربیع الاول بروز سوموار مطابق 571 عیسوی میں۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کا نام کس نے رکھا؟

**جواب** آپ ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کے والدِ محترم کی وفات کب ہوئی؟

**جواب** آپ ﷺ کی پیدائش سے پہلے ہی۔

**سوال** نبی کریم ﷺ نے اپنی زندگی کے ابتدائی پانچ سال کہاں گزارے؟

**جواب** دائی حلیمہ سعدیہ کے پاس قبیلہ بنوسعد میں۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کی والدہ کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** جب نبی کریم ﷺ کی عمر 6 سال تھی تو ابواء کے مقام پر آپ ﷺ کی والدہ کا انتقال ہوا۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا اور وہ کب فوت ہوئے؟

**جواب** آپ کا نام عبد المطلب تھا، جب آپ ﷺ کی عمر 8 برس تھی اس وقت وہ وفات پا گئے۔

**سوال** نبی کریم ﷺ نے تجارت کا پہلا سفر کس عمر میں کیا اور کہاں تشریف لے گئے؟

**جواب** نبی کریم ﷺ نے 12 سال کی عمر میں ملکِ شام کا پہلا تجارتی سفر کیا۔

**سوال** نبی کریم ﷺ نے قریشِ مکہ سے مل کر خانہ کعبہ کب تعمیر کیا؟

**جواب** جب آپ ﷺ کی عمر 35 سال تھی۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کو نبوت سے کب نوازا گیا؟

**جواب** 40 سال کی عمر میں۔

## مکی زندگی

**سوال** نبی کریم ﷺ نے دعوت کا آغاز کس حکمت سے کیا؟

**جواب** آپ ﷺ نے پہلے تین سال چپکے چپکے فرداً فرداً دعوت دی۔

**سوال** سب سے پہلے مسلمان ہونے والوں کے نام بتائیں۔

**جواب** مردوں میں سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ، عورتوں میں سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا، بچوں میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ، غلاموں میں سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** نبی کریم ﷺ نے علانیہ دعوت کب دی؟

**جواب** نبوت کے چوتھے سال۔

**سوال** دوسری مرتبہ ہجرتِ حبشہ کب ہوئی اور اس میں کتنے افراد شریک ہوئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** نبوت کے چھٹے سال دوسری ہجرتِ حبشہ ہوئی، اس میں 82 یا 83 افراد شریک ہوئے۔

**سوال** شعبِ ابی طالب کی قید کب شروع ہوئی اور کتنا عرصہ جاری رہی؟

**جواب** نبوت کے ساتویں سال شروع ہوئی اور یہ تین سال تک جاری رہی۔

**سوال** شعبِ ابی طالب کی گھاٹی میں مسلمانوں نے کیا کیا مشکلات دیکھیں؟

**جواب** مسلمانوں سے مکمل سوشل بائیکاٹ کیا گیا، ان کو کھانے پینے کا سامان بھی نہیں ملتا تھا۔ آپ ﷺ اور آپ کے ساتھیوں نے پتے اور چمڑے کھا کر گزارا کیا۔

**سوال** عام الحزن (غم کا سال) کس سال کو کہتے ہیں؟

**جواب** نبوت کے دسویں سال کو۔

**جواب** عام الحزن کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔

**جواب** اس سال ابو طالب اور سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا تھا، اس لیے اس کا غم کا سال کہتے ہیں۔

**سوال** آپ ﷺ طائف میں تبلیغ کے لیے کب تشریف لے گئے؟

**جواب** نبوت کے دسویں سال۔

**سوال** مدینہ منورہ میں اسلام کی خوشبو کیسے پھیلی؟

**جواب** نبوت کے گیارھویں سال حج کے موقع پر مدینہ منورہ کے 6 لوگ مسلمان ہو گئے۔

**سوال** واقعہ معراج کب ہوا؟

**جواب** ماہِ رمضان میں نبوت کے بارھویں سال۔

**سوال** پہلی بیعتِ عقبہ کب ہوئی اور اس میں کتنے افراد شریک ہوئے؟

**جواب** پہلی بیعتِ عقبہ نبوت کے بارھویں سال ہوئی اور اس میں 12 افراد شریک ہوئے۔

**سوال** دوسری بیعتِ عقبہ کب ہوئی اور اس میں کتنے افراد شریک ہوئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** دوسری بیعتِ عقبہ نبوت کے تیرھویں سال ہوئی اور اس میں 70 سے زائد افراد شریک ہوئے۔

**سوال** نبی کریم ﷺ نے مکہ سے کیسے ہجرت کی؟ مختصر بیان کریں۔

**جواب** ہجرت کے وقت مکہ کے 11 افراد نے آپ ﷺ کے گھر کا محاصرہ کیا ہوا تھا۔ جب آدھی رات ہوئی تو آپ ﷺ ان کے سروں پر خاک ڈال کر نکل گئے اور ان کو خبر تک نہ ہوئی۔

**سوال** نبی کریم ﷺ نے ہجرت کے وقت کس غار میں پناہ لی تھی؟

**جواب** غارِ ثور میں تین دن ٹھہرے۔

## مدنی زندگی

**سوال** اسلام کی سب سے پہلی مسجد کون سی ہے؟

**جواب** مسجدِ قباء۔

**سوال** مدینہ منورہ میں کس قبیلے کے لوگ زیادہ مسلمان ہوئے؟

**سوال** اَوس اور خزرج کے۔

**سوال** اسلام اور کفر کا پہلا معرکہ کب ہوا اور اس کا کیا نام ہے؟

**جواب** پہلا معرکہ 17 رمضان 2 ہجری کو ہوا، جس کا نام غزوۂ بدر ہے۔

**سوال** بنو قینقاع کو کب اور کیوں مدینے سے نکالا گیا؟

**جواب** کیونکہ انھوں نے ایک مسلمان عورت کا نقاب اتارا اور اسے تنگ کیا جس کی وجہ سے انھیں 2 ہجری کو مدینہ منورہ سے نکال دیا گیا۔

**سوال** غزوۂ اُحد کب ہوا اور اس میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟

**جواب** غزوۂ احد 3 ہجری میں ہوا، اس میں 70 صحابہ شہید ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** بئرِ معونہ کا حادثہ کب ہوا؟

**جواب** 4 ہجری میں۔

**سوال** بنونضیر کو کب اور کیوں مدینہ سے جلا وطن کیا گیا؟

**جواب** ان کو 4 ہجری میں جلاوطن کیا گیا، کیونکہ انھوں نے نبی کریم ﷺ کو شہید کرنے کی سازش کی تھی۔

**سوال** غزوۂ خندق کب ہوا اور کتنے دن جاری رہا؟

**جواب** غزوۂ خندق 5 ہجری کو ہوا اور ایک ماہ جاری رہا۔

**سوال** صلح حدیبیہ کب اور کیوں ہوئی؟

**جواب** 6 ہجری کو نبی کریم ﷺ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لیے جا رہے تھے تو ان کو راستے میں حدیبیہ کے مقام پر روک لیا گیا، پھر وہاں ایک صلح نامہ ہوا جسے صلح حدیبیہ کہتے ہیں۔

**سوال** غزوۂ خیبر کب ہوا اور اس کا فاتح کون ہے؟

**جواب** غزوۂ خبر 7 ہجری کو ہوا اور اس کے فاتح سیدنا علی رضی اللہ عنہ قرار پائے تھے۔

**سوال** فتح مکہ کب ہوا؟

**جواب** 8 ہجری کو۔

**سوال** اسلام کا پہلا حج کس کی قیادت میں ہوا؟

**جواب** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی۔

**سوال** حجۃ الوداع کب ہوا؟

**جواب** نبوت کے دسویں سال۔

**سوال** آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں کتنے حج اور کتنے عمرے کیے؟

**جواب** آپ ﷺ نے ایک حج اور چار عمرے کیے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** نبی کریم ﷺ کی وفات کب اور کس وقت ہوئی؟

**جواب** 12 ربیع الاول 11 ہجری، صبح چاشت کے وقت آپ ﷺ کی وفات ہوئی۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کی 5 ازواج کے نام بتائیں۔

**جواب** سیدہ خدیجہ، سیدہ عائشہ صدیقہ، سیدہ حفصہ، سیدہ جویریہ اور سیدہ زینب رضی اللہ عنہن۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کی ازواج امتِ محمدیہ کی کیا لگتی ہیں؟

**جواب** آپ ﷺ کی بیویاں تمام مسلمانوں کی مائیں ہیں۔

**سوال** نبی کریم ﷺ کی اولاد کتنی ہے؟

**جواب** تین بیٹے، چار بیٹیاں۔کل سات بچے تھے۔

**سوال** آپ ﷺ کی بیٹوں کے نام بتائیں۔

**جواب** سیدنا قاسم، سیدنا عبداللہ، سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہم۔

**سوال** آپ ﷺ کی بیٹیوں کی نام بتائیں۔

**جواب** سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہن۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوئز

**سوال** صحابی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** جس شخص نے حالتِ ایمان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی ہو اور ایمان کی حالت ہی میں فوت ہوا ہو۔

**سوال** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق ایک مسلمان کا کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

**جواب** ایک مسلمان کو چاہیے کہ وہ تمام صحابہ کے بارے میں عقیدہ رکھے کہ وہ سب لوگ اللہ کے خصوصی افراد تھے، اللہ تعالیٰ نے خود ان کو منتخب کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں میں شریک کیا تھا۔ وہ انبیائے کرام رضی اللہ عنہم کے بعد سب سے بہترین لوگ ہیں اور ان کی بشری خطاؤں کو اللہ نے معاف کر دیا ہے، وہ سب جنتی ہیں۔

**سوال** معصوم اور مغفور میں کیا فرق ہے؟

**جواب** معصوم سے مراد وہ لوگ ہیں جن میں گناہ ہونے کا تصور نہ ہو، جیسے انبیائے کرام رضی اللہ عنہم۔ مغفور سے مراد وہ لوگ ہیں جن سے خطا بھی ہو جائے تو اللہ نے معاف کیا ہوا ہو، جیسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

**سوال** سید الشہداء کس صحابی کا لقب ہے؟

**جواب** سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** خلفائے راشدین کے نام بتائیں۔

**جواب** ① سیدنا ابوبکر صدیق ② سیدنا عمر فاروق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



③ سیدنا عثمان غنی ④ سیدنا علی (رضی اللہ عنہم)

**سوال** عشرہ مبشرہ صحابہ کے نام بتائیں۔

**جواب** ① سیدنا ابوبکر صدیق ② سیدنا عمر فاروق

③ سیدنا عثمان غنی ④ سیدنا علی

⑤ سیدنا سعد بن ابی وقاص ⑥ سیدنا سعید بن زید

⑦ سیدنا طلحہ بن عبیداللہ ⑧ سیدنا زبیر بن عوام

⑨ سیدنا عبدالرحمن بن عوف ⑩ سیدنا ابوعبیدہ بن جراح (رضی اللہ عنہم)

**سوال** مرادِ رسول کون ہے؟

**جواب** سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

**سوال** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے بڑے داماد کا کیا نام ہے؟

**جواب** سیدنا ابوالعاص رضی اللہ عنہ۔

**سوال** میزبانِ رسول کس صحابی کو کہتے ہیں؟

**جواب** سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ۔

**سوال** سب سے زیادہ احادیث کس صحابی سے مروی ہیں؟

**جواب** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے کون سی بیوی فوت ہوئی؟

**جواب** سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا۔

**سوال** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوہرے داماد کون ہیں؟

**جواب** سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ۔

**سوال** غسیل الملائکہ کس صحابی کا لقب ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** سیدنا حنظلہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** امینِ امت کس صحابی کا اعزاز ہے؟

**جواب** سیدنا عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ۔

**سوال** غزوہ تبوک سے پیچھے رہ جانے والے صحابہ کرام کے نام بتائیں۔

**جواب** ① کعب بن مالک ② مرارہ بن ربیع ③ ہلال بن امیہ (رضی اللہ عنہم)

**سوال** دامادِ علی اور سسرِ رسول کس صحابی کے لقب ہیں؟

**جواب** سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

**سوال** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں کون سی بیوی فوت ہوئیں؟

**جواب** سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا۔

**سوال** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کی اقتدا میں نماز پڑھی؟

**جواب** سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ + عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ۔

**سوال** جنت کی بشارت سب سے زیادہ کس صحابی کو ملی؟

**جواب** سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

**سوال** دو موذنِ رسول صحابہ کے نام بتائیں۔

**جواب** ① سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ ② سیدنا ابو محذورہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** وہ کون سے صحابی ہیں جن کی شکل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتی تھی؟

**جواب** سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔

**سوال** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ کون سے صحابی ہیں جن کو منہ بولا بیٹا کہا جاتا ہے؟

**جواب** سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** اس صحابی کا نام بتائیں جو سب سے بڑے کافر کے بیٹے تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** عکرمہ بن ابو جہل رضی اللہ عنہ۔

**سوال** سب سے پہلے مبلغ صحابی کون تھے جو مکہ سے باہر تبلیغ کرنے گئے؟

**جواب** سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔

**سوال** دجال سے کس صحابی کی ملاقات ہوئی؟

**جواب** سیدنا تمیم داری رضی اللہ عنہ۔

**سوال** سب سے آخر میں فوت ہونے والے صحابی کا نام بتائیں؟

**جواب** سیدنا عامر بن واثلہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** اللہ تعالیٰ کی تلوار کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

**جواب** سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ عنہ۔

**سوال** وہ کون سے صحابی ہیں جن کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان!

**جواب** سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ + سیدنا زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ۔

**سوال** فاتح خیبر کس صحابی کو کہتے ہیں؟

**جواب** سیدنا علی رضی اللہ عنہ۔

**سوال** کس صحابی کو منافقین کے نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائے تھے؟

**جواب** سیدنا حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ۔

**سوال** وہ کون سے صحابی ہیں جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی کو اپنے والدین سے زیادہ ترجیح دی؟

**جواب** سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** وہ کون سے صحابی ہیں جن سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن سیکھنے کا حکم دیا؟

**جواب** سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال** وہ کون سے صحابی ہیں جن کو نبی کریم ﷺ نے اپنی تلوار دی؟

**جواب** سیدنا علی رضی اللہ عنہ۔

**سوال** سب سے بڑے قاریِ قرآن کون سے صحابی ہیں؟

**جواب** سیدنا اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ۔

**سوال** کاتبِ وحی اور مومنوں کے ماموں کس صحابی کو کہتے ہیں؟

**جواب** سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال** اہلِ بیت سے مراد کون ہیں؟

**جواب** نبی کریم ﷺ کی تمام بیویاں، اولاد، بیٹے بیٹیاں اور حضرت علی اور حسن وحسین رضی اللہ عنہم۔

**سوال** کسی کو برا کہنے یا ان پر تنقید کرنے کا کیا حکم ہے؟

**جواب** یہ حرام ہے اور ایسا کرنے والا شخص ملعون ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# شارٹ سٹوریز۔ اسلامی واقعات

1. سیدنا آدم علیہ السلام
2. ہاتھیوں کا لشکر
3. شقِ صدر بچپن میں
4. ہابیل و قابیل کی کہانی
5. سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور پرندے
6. حجرِ اسود کون رکھے گا؟
7. سیدنا یونس علیہ السلام کی کہانی
8. چاند دو ٹکڑے ہو گیا
9. سیدنا سلیمان علیہ السلام کی کہانی
10. دو باغ والوں کی کہانی
11. سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور نمرود بادشاہ
12. نبی کریم ﷺ کا ملک شام کا سفر
13. اصحاب الاعراف
14. سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی کہانی
15. اسراء معراج کی کہانی
16. سیدنا یوسف علیہ السلام کی کہانی
17. نبی کریم ﷺ اور ہجرتِ مدینہ
18. سیدنا ایوب علیہ السلام کی کہانی
19. خندق والوں کی کہانی
20. سیدنا موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام
21. سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی کہانی
22. سیدنا عزیر علیہ السلام کی کہانی
23. غار والے نوجوانوں کی کہانی
24. سیدنا نوح علیہ السلام کی کہانی
25. اصحمہ نجاشی کا دربار
26. غزوہ بدر میں کیا ہوا؟
27. غزوہ اُحد میں کیا ہوا؟
28. اذان کا خواب
29. سلمہ رضی اللہ عنہ کے والدین کی ہجرت
30. سیدنا اویس قرنی رحمہ اللہ کا واقعہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# طہارت کے مسائل

## واش روم کے آداب:

- واش روم میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں پاؤں اندر رکھ کر داخل ہوں۔
- واش روم میں داخل ہونے کی دعا:

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

- بغیر کسی بیماری کے کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کرنا چاہیے۔
- اگر گھر سے باہر ہوں تو درختوں کے نیچے یا کسی سوراخ میں پیشاب نہ کریں۔
- گھر سے باہر پیشاب کے لیے ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں کوئی آپ کو دیکھ نہ سکے۔
- پیشاب کے چھینٹوں سے بچیں۔ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔
- اپنی ضروریات سے فارغ ہو کر بائیں ہاتھ سے استنجا کریں۔ کبھی دایاں ہاتھ استعمال نہ کریں۔
- باہر نکلتے وقت دایاں پاؤں پہلے باہر نکالیں۔
- واش روم سے باہر آنے کی دعا: غُفْرَانَكَ
- ہاتھوں کو مٹی یا صابن کے ساتھ اچھی طرح دھوئیں۔

## وضو کے آداب:

**سوال** کیا وضو کرتے وقت زیادہ پانی استعمال کرنا چاہیے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**جواب** جی نہیں! کم سے کم پانی استعمال کرنا چاہیے اور پانی ضائع نہیں کرنا چاہیے۔

**سوال** کیا وضو کے اعضاء تین بار سے زیادہ دھو سکتے ہیں؟

**جواب** جی نہیں! وضو کے اعضاء تین بار سے زیادہ نہیں دھونے چاہئیں۔

**سوال** کیا نماز سے پہلے وضو کرنا ضروری ہے؟

**جواب** جی ہاں! کیونکہ وضو کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔

**سوال** وضو کے بعد دعا (کلمہ شہادت) پڑھنے کا کیا فائدہ ہے؟

**جواب** اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

**سوال** وضو کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

**جواب** وضو کرنے کے چار فائدے ہیں:

① جسم صاف ہوتا ہے ② وضو کے اعضا قیامت کے دن روشن ہوں گے۔

③ گناہ معاف ہوتے ہیں۔ ④ درجات بلند ہوتے ہیں۔

**سوال** مسواک کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

**جواب** ① منہ صاف ہو جاتا ہے ② اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں۔

## وضو کا طریقہ:

**سوال** وضو کرنے سے پہلے کیا کہتے ہیں؟

**جواب** وضو سے پہلے "بِسۡمِ اللّٰہِ" پڑھتے ہیں۔

**سوال** وضو کیسے کرتے ہیں؟

① سب سے پہلے دونوں ہاتھوں کو تین بار اچھی طرح دھوئیں اور انگلیوں کا خلال کریں۔

② پھر تین بار کلی کریں اور تین بار ناک میں پانی چڑھائیں اور اسے بائیں ہاتھ سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اچھی طرح صاف کریں۔

③ تین مرتبہ چہرہ دھوئیں۔

④ دایاں بازو کہنی سمیت تین بار دھوئیں، اسی طرح بایاں بازو بھی دھوئیں۔

⑤ ایک مرتبہ سر اور کانوں کا مسح کریں۔

⑥ پھر دایاں پاؤں ٹخنے سمیت تین بار دھوئیں اور انگلیوں کا خلال کریں اور اسی طرح بایاں پائیں دھوئیں۔

**سوال** وضو کے بعد کون سی دعا پڑھتے ہیں؟

**جواب** وضو کے بعد یہ دعا پڑھتے ہیں: أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# پیارے نبی ﷺ کی نماز

## نماز کی نیت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے۔'' (بخاری)

اس لیے تمام جائز اور نیک اعمال میں نیت کر لیا کریں کیونکہ جیسی نیت ہو گی ویسا ہی پھل ملے گا۔ نیت دل سے تعلق رکھتی ہے لہٰذا اس کو زبان سے ادا نہیں کرنا چاہیے۔

## قیام:

نماز کے لیے سیدھا کھڑا ہو جانے کو قیام کہا جاتا ہے۔ نمازی اگر کسی وجہ سے کھڑا نہ ہو سکتا ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھنا بھی جائز ہے۔

## تکبیرِ اولیٰ یا تکبیرِ تحریمہ:

قبلہ کی جانب منہ کر کے ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہتے ہوئے ہاتھوں کو کندھوں تک اٹھائیں اور بائیں ہاتھ کے اوپر دایاں ہاتھ رکھ کر سینے پر باندھ لیں۔

## دعائے استفتاح:

تکبیرِ تحریمہ کے بعد نبی اکرم ﷺ یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ (بخاری)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## ثنا:

پھر یہ دعا بھی پڑھیں:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

## تعوذ:

پھر یہ پڑھیں: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

## تسمیہ:

پھر یہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## سورۃ الفاتحہ:

اس سورت کو نماز میں پڑھنا لازمی ہے، کیوں کہ اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾

## قراءتِ قرآن مجید:

سورۃ الفاتحہ پڑھنے کے بعد قرآن پاک کی کوئی بھی سورت یا چند آیات پڑھیں، جیسے:

## سورۃ الاخلاص:

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## رکوع:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں کو کندھوں کے برابر تک اٹھائیں اور رکوع میں چلے جائیں۔

## رکوع کی دعائیں:

رکوع میں کم از کم تین مرتبہ یہ دعا پڑھنی چاہیے: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ (مسلم)

پیارے نبی کریم ﷺ یہ دعا بھی پڑھا کرتے تھے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ (بخاری)

## قومہ:

رکوع سے سر اٹھاتے وقت دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھائیں اور یہ کلمات ادا کریں:

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ

## سجدہ کرنے کا طریقہ:

سجدے میں ان باتوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے:

- سجدے میں جاتے وقت اپنے ہاتھوں کو زمین پر پہلے رکھیں اور گھٹنوں کو بعد میں۔ (ابن خزیمہ)
- سجدے میں پیشانی اور ناک زمین پر ٹکائیں۔ (بخاری)
- سجدے میں دونوں ہاتھ کندھوں کے برابر رکھیں۔ (ابوداود)
- پاؤں کی انگلیوں کے سرے قبلے کی طرف مڑے ہوئے رکھیں۔ (بخاری)
- قدم بھی کھڑے رکھیں۔ (مسلم)
- ایڑیوں کو ملائیں۔ (السنن الکبریٰ بیہقی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



❀ سجدے میں سینہ، پیٹ اور رانیں زمین سے اونچی رکھیں، نیز پیٹ کو رانوں اور رانوں کو پنڈلیوں سے جدا رکھیں۔ (ابو داود)

❀ سجدے میں کہنیاں زمین پر نہ ٹکائیں۔ (بخاری)

## سجدہ:

قومے کی دعا اطمینان سے پڑھنے کے بعد "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے سجدے میں چلے جائیں اور اوپر بیان کردہ باتوں کا خیال رکھیں، نیز سجدے میں جاتے وقت اپنے ہاتھوں کو کندھوں تک بلند نہ کریں۔

## سجدے کی دعائیں:

سجدے میں کم از کم تین دفعہ یہ دعا پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى (مسلم)

پیارے نبی کریم ﷺ یہ دعا بھی پڑھا کرتے تھے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ (بخاري)

## جلسہ:

ایک سجدہ مکمل کر کے بیٹھ جانے کو جلسہ کہتے ہیں۔ اس میں اطمینان سے بیٹھیں اور درج ذیل دعا پڑھیں:

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ (أبو داود)

## دوسرا سجدہ:

جب آپ پورے اطمینان سے جلسے سے فارغ ہوں تو پھر اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہیں اور دوسرے سجدے میں چلے جائیں اور پہلے سجدے کی طرح خشوع و خضوع سے سجدہ کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دعائیں پڑھیں۔

## جلسۂ استراحت:

دوسرا سجدہ کر لینے کے بعد ایک رکعت پوری ہو چکی ہے، اب آپ نے دوسری رکعت کے لیے اٹھنا ہے، لیکن اٹھنے سے پہلے جلسۂ استراحت میں ذرا بیٹھ کر اٹھیں۔ اس کی صورت یہ ہے کہ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ (دوسرے سجدے سے) اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے اٹھتے اور اپنا بایاں پاؤں موڑے ہوئے بچھاتے اور اس پر بیٹھتے، حتیٰ کہ ہر ہڈی اپنی اپنی جگہ پر پہنچ جاتی، پھر دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوتے۔ (ابو داود)

## دوسری رکعت:

جلسۂ استراحت سے اٹھتے وقت دونوں ہاتھ زمین پر ٹیک کر اٹھیں اور قیام میں سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کر دیں۔ (مسلم)

## پہلا تشہد:

دوسری رکعت میں دوسرے سجدے سے اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے اٹھیں، بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ جائیں اور دایاں پاؤں کھڑا رکھیں۔ نیز دایاں ہاتھ دائیں گھٹنے اور بایاں ہاتھ بائیں گھٹنے پر رکھیں۔ اس کو قعدۂ اولیٰ بھی کہتے ہیں۔ اس میں یہ دعا پڑھیں:

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ (بخاری)

## تیسری رکعت:

قعدۂ اولیٰ سے تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہوں تو اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دونوں ہاتھوں کو اپنے کندھوں تک اٹھائیں اور سینے پر باندھ لیں۔

## آخری قعدہ:

آخری رکعت میں دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر تشہد کے لیے بیٹھیں تو اپنا بایاں پاؤں دائیں پنڈلی کے نیچے سے باہر نکال کر بائیں طرف کے کولہے پر بیٹھیں، اسے تَوَرُّكْ کہتے ہیں۔

اس میں سب سے پہلے تشہد (التحیات، جو پہلے بیان ہو چکا ہے) پڑھیں اور اس کے بعد مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ (بخاری)

## درود کے بعد کی دعائیں:

پہلی دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ (بخاری)

دوسری دعا:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ (مسلم)

تیسری دعا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (بخاری)

## نماز کا اختتام:

اپنے دائیں طرف سلام پھیریں تو کہیں: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ

اور بائیں طرف سلام پھیرتے وقت بھی کہیں: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ

## نماز کے بعد کے مسنون اذکار:

- نماز مکمل کرنے کے بعد ایک مرتبہ بلند آواز سے کہیں: اَللهُ أَكْبَرُ
- پھر تین دفعہ یہ کلمات کہیں: اَسْتَغْفِرُ اللهَ
- اس کے بعد ایک مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

- اس کے بعد یہ دعا پڑھیں:

رَبِّ أَعِنِّيْ عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

- نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنے والا موت کے بعد سیدھا جنت میں جائے گا:

﴿اَللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ﴾

- ہر فرض نماز کے بعد پڑھیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سُبْحَانَ اللّٰهِ 33 بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 بار، اَللّٰهُ أَكْبَرُ 33 بار، یہ کل 99 کلمات ہو گئے اور 100 پورا کرنے کے لیے ایک بار کہیں:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (مسلم)

❀ ظہر، عصر اور عشاء کے بعد ایک ایک مرتبہ، جب کہ فجر اور مغرب کے بعد تین تین دفعہ قرآن کی درج ذیل تین سورتیں پڑھیں:

سورۃ الاخلاص: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ﴾

سورۃ الفلق: ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ﴾

سورۃ الناس: ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ﴾

❀ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد تین دفعہ پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (أبو داود)

❀ مغرب کی نماز کے بعد تین دفعہ کہیں:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (مسلم)

❀ فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَيِّبًا وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## وضاحت:

اس کے علاوہ اور بھی بہت سی دعائیں اور اذکار ہیں لیکن بچوں کو سکھانے کے لیے یہی لکھے گئے ہیں، نیز ان میں کچھ دعائیں صبح و شام کے اذکار میں شامل ہیں۔

## نمازوں کی رکعات:

- ❀ نمازِ فجر: 2 فرض، اس سے پہلے 2 سنتیں (کل:4)
- ❀ نمازِ ظہر: 4 فرض، اس سے پہلے 4 سنتیں، بعد میں 2 سنتیں (کل:10)
- ❀ نمازِ عصر: 4 فرض (کل:4)
- ❀ نمازِ مغرب: 3 فرض، اس کے بعد 2 سنتیں (کل:5)
- ❀ نمازِ عشاء: 4 فرض اور اس کے بعد 2 سنتیں اور 3 وتر (کل:9)

## نمازِ وتر:

یہ دراصل رات کی نماز ہے جو تہجد کے ساتھ ملا کر پڑھی جاتی ہے۔ ''جو شخص رات کے آخری حصے میں نہ اٹھ سکتا ہو وہ وتر بھی عشاء کے ساتھ پڑھ لیا کرے۔'' (مسلم)

## وتروں کی تعداد:

وتر ہر مسلمان پر حق ہے، لہٰذا جو شخص پانچ رکعات وتر پڑھنا چاہے وہ پانچ پڑھ لے، جو تین پڑھنا چاہے وہ تین پڑھ لے اور جو کوئی ایک وتر پڑھنا چاہے وہ ایک پڑھ لے۔ (ابو داود)

## دعائے قنوت:

نمازِ وتر کی آخری رکعت میں رکوع سے پہلے یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ (ترمذی)

نوٹ: آخر میں صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ کہنا بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے۔

## وتروں کے بعد کی دعا:

وتروں کے بعد تین دفعہ یہ دعا پڑھیں اور آخری دفعہ میں آواز کو بلند کریں:

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ (ابوداود)

## نمازِ جنازہ:

نمازِ جنازہ کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو ہو کر دل میں نیت کر کے تکبیرِ تحریمہ کہیں، دعائے استفتاح اور سورۃ الفاتحہ پڑھیں، پھر دوسری تکبیر کے بعد درود شریف، تیسری تکبیر کے بعد دعائیں پڑھیں اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیں۔

## نمازِ جنازہ کی دعائیں:

نمازِ جنازہ میں تیسری تکبیر کے بعد یہ سب یا کوئی ایک دعا ضرور پڑھنی چاہیے۔

پہلی دعا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ (أبوداود)

دوسری دعا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ، وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ (مسلم)

تیسری دعا:

اَللّٰھُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (أبو داود)

نابالغ بچے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَفَرَطًا وَأَجْرًا (بخاری)

## زیارتِ قبور کی دعا:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ (مسلم)

**نوٹ:**

نماز کی دعائیں اور طریقہ زبانی یاد کروانے کے ساتھ عملاً بھی سکھایا جائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# مسنون دعائیں

1- سونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا

2- بیدار ہونے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ

3- واش روم جانے کی دعا

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

4- واش روم سے نکلنے کی دعا

غُفْرَانَكَ

5- وضو شروع کرنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

6- وضو کے بعد کی دعا

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

7- گھر سے نکلنے کی دعا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ إِلَّا بِاللہِ

9- گھر میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللہِ وَلَجْنَا، وَبِسْمِ اللہِ خَرَجْنَا، وَعَلَی اللہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا

10- مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

11- مسجد سے نکلنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

12- کپڑے پہننے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ

13- علم میں اضافے کی دعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

14- وتروں کی دعا (دعائے قنوت)

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا فِیْمَنْ ھَدَیْتَ، وَعَافِنَا فِیْمَنْ عَافَیْتَ، وَتَوَلَّنَا فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ، وَبَارِكْ لَنَا فِیْمَا أَعْطَیْتَ، وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَیْتَ، إِنَّكَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ، وَإِنَّهُ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ، تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ وَصَلَّی اللہُ عَلَی النَّبِیِّ

15- کھانا شروع کرنے کی دعا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## 16- کھانا کھانے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

## 17- دودھ پینے کی دعا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

## 18- اذان کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلَاۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَانِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

## 19- مریض کی عیادت کرنے کی دعا

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

## 20- سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات کی فضیلت:

یہ دو آیات سونے سے پہلے پڑھیں تو ساری رات فرشتہ حفاظت کرتا ہے:

﴿اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَ اعْفُ عَنَّا وَ اغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 21- سجدۂ تلاوت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ اَجْرًا وَّضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا وَّاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَّتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ

## 22- تعزیت کی دعائیں

إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَه مَا أَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَه بِأَجَلٍ مسمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

## 23- سیڑھیاں چڑھنے اور اترنے کی دعا

چڑھتے ہوئے "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" اور اترتے وقت "سُبْحَانَ اللّٰهِ" پڑھنا چاہیے۔

## 24- سید الاستغفار

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ، خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ، فَإِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلاَّ أَنْتَ

## 25- دعائے استخارہ

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَ أَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَ لاَ أَقْدِرُ، وَ تَعْلَمُ وَلاَ أَعْلَمُ، وَ أَنْتَ عَلاَّمُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَ عَاقِبَةِ أَمْرِيْ وَ عَاجِلِهٖ وَ اٰجِلِهٖ، فَاقْدِرْهُ لِيْ، وَ يَسِّرْهُ لِيْ، ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَمَعَاشِیْ وَ عَاقِبَۃِ أَمْرِیْ وَ عَاجِلِہٖ وَ اٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ أَرْضِنِیْ بِہٖ

## 26- والدین کے لیے دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا

## 27- مجلس کے اختتام کی دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ

## 28- بازار میں داخل ہونے کی دعا

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

## 29- سفر شروع کرنے کی دعا

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

## 30- چھینک آنے کی دعائیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

## 31- صبح وشام کے 3 اذکار:

**جواب** 1- رَضِيْتُ بِاللهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا، وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا

2- بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

3- أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 32- حافظہ تیز کرنے کی دعا

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ

## 33- حصولِ علم کے لیے دعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

## 34- مصیبت زدہ کو دیکھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا كَثِیْرًا

## 35- آئینہ دیکھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ

## 36- دعوت کے بعد میزبان کو دی جانے والی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# بیت السّلام اکیڈمی

## حفظ القرآن سکول سسٹم

### برانچز

**مین برانچ (نمبر 1)**
جامع مسجد سلمان فارسی ؓ لودھی ٹاؤن
نزد شیخ صدیق آئی ہسپتال سیالکوٹ روڈ گوجرانوالہ
0325 1376666

**برانچ نمبر 2**
جامع مسجد حلیمہ بشیر ؓ ڈیلٹا روڈ نزد بابا فرید برگر
سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ 0325-1386666

**برانچ نمبر 3**
جامع مسجد غفاریہ اہلحدیث رحمان پورہ
ویلڈنگ والی گلی گرجاکھ 0325-1396666

**برانچ نمبر 4**
جامع مسجد توحید اہلحدیث برکت کالونی نزد گرڈ اسٹیشن
عقب گلشن اقبال پارک شاہین آباد 0325-1406666

**برانچ نمبر 5**
جامع مسجد اقصیٰ اہلحدیث 30 فٹ بازار شاہین آباد گوجرانوالہ
0325-1416666